اظہار تشکر

ہم گورنر بینک دولت پاکستان ڈاکٹر شمشاد اختر اور اقتصادی مشیر جناب ریاض ریاض الدین کے بے حد شکر گذار ہیں جنہوں نے اس رپورٹ کی تیاری میں اپنے قابل قدر مشوروں سے نوازا اور رہنمائی فراہم کرنے کے علاوہ قدم بہ قدم ہماری حوصلہ افزائی کرتے رہے۔

ہم محترمہ لبنیٰ فاروق ملک ڈائریکٹر بینکاری نگرانی، جناب محمد سلیم رحمانی ڈائریکٹر نظام ادائیگی، جناب پرویز سعید ڈائریکٹر شعبہ اسلامی بینکاری اور ان کے رفقا کے بھی شکر گذار ہیں جن کے مفید تبصروں سے رپورٹ کو بہتر بنانے میں مدد ملی۔ بینکاری نگرانی، اسلامی بینکاری، شماریات، زری پالیسی، معاشی تجزیہ، ملکی منڈیاں اور زری انتظام، مالی بازار حکمت عملی اور کارروائی، فاصلاتی نگرانی اور نفاذ، مبادلہ پالیسی اور نظام ادائیگی کے شعبوں کا بھی شکریہ جنہوں نے اعداد و شمار فراہم کیے۔

ہم مشیر بیمہ، ایس ای سی پی جناب ممتاز ہاشمی اور جناب سلمان شیخ، کمشنر ایس ای سی پی اور ان کی رفقا کے بھی شکر گذار ہیں جنہوں نے بیمے اور غیر بینکی مالی اداروں کے شعبوں کے بارے میں اعداد و شمار فراہم کیے اور اپنی آرا سے نوازا۔

جناب کارل جوہان لنڈگرن (سابق ڈپٹی ڈائریکٹر، مونیٹری اینڈ ایکسچینج افیئرز ڈپارٹمنٹ، آئی ایم ایف)، سابق مشیر اے ڈی بی کا خاص طور پر شکریہ جنہوں نے ایف ایس آر ٹیم سے تعاون کیا اور مسودہ ابواب کا معیار بہتر بنانے کے لیے قابل قدر تجاویز دیں۔ جناب جیفری کارمائیکل (سابق چیئر مین آسٹریلین پروڈنشل ریگولیشن اتھارٹی، اپرا)، سی ای او، پرومونٹری فنانشل گروپ ایل ایل پی، آسٹریلیا کا بھی شکریہ جنہوں نے اسٹیٹ بینک کے حالیہ دورے میں اس رپورٹ کی تیاری میں مدد دی۔

اس رپورٹ کی تمام کوتاہیوں اور اغلاط کی ذمہ داری صرف ہم پر عائد ہوتی ہے۔ اس میں درج تجزیے اور تبصرے رپورٹ تیار کرنے والی ٹیم کے ہیں اور بینک دولت پاکستان کی انتظامیہ کا ان سے متفق ہونا ضروری نہیں۔